لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ رجب سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۹ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافۂ مع عہدہ عبد القادر خان ۔	۱
۲	رخصت ابرار حسین صاحب مددگار منصرم تیاری خاصہ ۔	۲
۳	[illegible] خاں بہادر [illegible] بر عہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس و سپرنٹنڈنٹی سابق عہدہ جیلری	〃
۴	اضافۂ نائب [illegible] ۔	〃
۵	رخصت صاحب اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم ۔	〃
۶	عطائے اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم مقدمات آبکاری و مسکرات بنام [illegible]	〃
۷	نقشہ رخصت اجلاس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ مع عہدہ

۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء ۔

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر عبد القادر خاں کی تنخواہ پندرہ روپیہ ماہوار سے دس عــہ روپیہ ماہوار اضافہ فرماکر نائب منصرم اصطبل مقرر فرمائے گئے ۔

رخصت

۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - رخصت رعایتی یکمشت سید ابرار حسین صاحب افسر کارخانہ جات و رخصت بیس یوم سید انوار حسین معاون منصرم ٹپاری خاصہ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء سے منظور فرمائی گئی -

---

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

بنظر مناسب - خان بہادر محمد باقر علی خان آئی - او - ایم کا تقرر بمشاہرہ چارسو روپیہ ماہوار بعہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس منظور کیا جاتا ہے - کل ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء کو وہ عہدہ مذکور کا چارج لے لین -

۲ - منشی محمد نبی خان جو اسوقت سپرنٹنڈنٹ پولیس ہین - جیلر مقرر کئے جاتے ہین بحیثیت جیلر انکو ایکسو پچہتر روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی -

۳ - محمد برکت اللہ خان موجودہ جیلر رخصت پر ہین - جب وہ رخصت سے واپس آئینگے تو انکے متعلق تجویز مناسب عمل مین آئیگی -

حکم ہوا کہ

آج ہی حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون -

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

موجودہ انتظام سررشتہ تعلیم کا عارضی ہے - اخلاق حسن خان نائب پیشکار اپنا کام بکوشش و محنت اچھی طرح سے انجام دیتا ہے - لہذا بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

اخلاق حسن خان مذکور باضافہ تین روپیہ ماہوار بہ تنخواہ موجودہ مستقل کیا جائے آئندہ وہ بحیثیت نائب پیشکار مستقل چھبیس روپیہ ماہوار تنخواہ پائیگا - احکام ضابطہ جاری ہون -

ملخص حکم اجلاس جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم - مزید رخصت آٹھ یوم صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء تک منظور کی گئی -

---

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۷ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

چونکہ فی الحال ناظم صاحب سپرنٹنڈنٹی آبکاری کا عارضی طور پر کام کر رہے ہین لہذا صاحب موصوف کو عارضی طور پر اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم مقدمات آبکاری و مسکرات کے دیئے جاتے ہین تاکہ کار سرکار مین سہولت رہے - بنابران مقدمات مذکورہ بابت آبکاری و مسکرات صیغہ مجسٹریٹی صاحب موصوف کے اجلاس مین جبتک کہ کام سپرنٹنڈنٹی آبکاری انجام دین گے - سماعت ہونگے -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون -

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۲ لغایت ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۱۲ سیر		۱۰ سیر	۱۰ سیر	[illegible]	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۹ سیر		۹ سیر	۱۰ سیر	۸ سیر	
نخود کسر آمیز		۱۰ سیر		۹ سیر	۹	۱۰ سیر	
گت		۱۰ سیر		۱۰	۹ سیر	۱۰	
باشن		۱۰ سیر		۸	۸ سیر	۸ سیر	
مونگ		۰		۸ سیر	۷ سیر	۸ سیر	
مکا		۰		[illegible]	۱۰ سیر	۱۷ سیر	
جئی		۱۲ سیر		۱۰ سیر	۰	۱۱ سیر	
گوجئی		۰		۸ سیر	۰	۹	
مسور		۰		۸ سیر	۸ سیر	۷ سیر	
ارہر		۰		۱۰ سیر	۱۰ سیر	۰	
برنج		۴ سیر		[illegible]	[illegible]	۵ سیر	
روغن زرد		[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ		۱ سیر		[illegible]	[illegible]	۱ سیر	
روغن کنجد		۱ سیر		[illegible]	۱ سیر	[illegible]	
نمک سانبھر		۱۰ سیر		۱۱	۱۰ سیر	۱۱ سیر	
نمک لاہوری		۶ سیر		۵ سیر	۰	۶ سیر	
قند سیاہ		۵ سیر		۵ سیر	۶ سیر	۵ سیر	
بابسرہ		۰		۰	۰	۹	